کو پھاڑ کر فتح کرنے کے لیے جو ہتھکنڈے کمیونسٹوں نے اختیار کیے، اس کا کوئی محققانہ ریکارڈ ہمارے ہاں اس سے پہلے مرتب نہیں کیا گیا۔

کتاب ایک ادیب نے لکھی ہے، لہٰذا صرف تاریخ ہی نہیں، بلکہ اس کا انداز بیان غیر معمولی نوعیت رکھتا ہے۔

اہل السنۃ والجماعۃ تالیف: جناب علامہ سید سلیمان ندویؒ۔ ناشر: ادارہ نشر المعارف ۸۳۔ الیس بلاک ۲۔ پی، ای، سی، ایچ سوسائٹی کراچی ۲۹ (غالباً مفت تقسیم کے لیے ہے)۔

بہت اچھی طباعت اور خوبصورت سرورق کے ساتھ یہ کتاب مجھے ذاتی حیثیت میں تحفتہً ملی، مگر اس کی افادیت نے مجبور کر دیا کہ اس کا تعارف کرا دوں۔ علامہ مرحوم نے صرف ایک سو ایک صفحے میں "اہل السنۃ والجماعۃ" کا مفہوم اس خوبی سے واضح کیا ہے کہ اسے پڑھنے کے بعد پتہ چلتا ہے کہ ہم تو اب تک "سنّی مسلمان" ہی تھے۔ وہ تمام اشغلے اور بحثیں اور فتنے، ۱۹۱۸ء میں لکھے ہوئے اس مقالے میں آگئے ہیں، جن سے بچ کر دین حنیف اور دین قیم پر کاربند ہونے والے لوگ اہل السنۃ والجماعۃ کہلاتے۔

اسلام اور پاکستان از پروفیسر سید محفوظ علی۔ ناشر: شعبۂ تصنیف و تالیف (ترجمہ) وفاقی گورنمنٹ اردو کالج، بابائے اردو روڈ۔ کراچی۔ ص ۲۲۴۔ قیمت: ۲۵/- روپے

صاحبِ کتاب معروف ہستی ہیں، پروفیسر بھی، وائس پرنسپل (اردو کالج) بھی، انگریزی ایم اے بھی کیا۔ دیار مغرب میں LEEDS نامی یونیورسٹی میں جا کر بھی علم حاصل کیا۔ فتح پور ہسوہ (یوپی) کے مہاجر ہیں۔ تین انگریزی کتابوں کے مصنف، اردو میں بھی صاحب زبان و قلم کتاب کا تعارف ڈاکٹر محمد ایوب قادری صدر شعبۂ اردو (اردو کالج) نے لکھا ہے۔ مقدمہ جناب محمد صلاح الدین مدیر جسارت کے قلم سے ہے۔ محمد صلاح الدین صاحب کے الفاظ "اسلام پاکستان کی زندگی اور اس کے وجود کی علامت بھی ہے اور ضمانت بھی"۔ دراصل کتاب اسلام اور پاکستان کی معنویت کو پوری طرح نمایاں کر دیتے ہیں۔